Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

23نومبر2013

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی سفیر رچرڈ اولسن کی 'پاکستان یوایس المنائی نیٹ ورک' کی تقریب میں شرکت

کراچی۔ پاکستان میں امریکہ کے سفیر رچرڈ اولسن نے سندھ اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے امریکی تبادلہ پروگراموں سے واپس آنے والے 600 پاکستانیوں کے اعزاز میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ تقریب کا انعقاد کراچی میں امریکی قونصل خانے اور 'پاکستان یوایس المنائی نیٹ ورک' نے مشترکہ طور پر کیا تھا۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے امریکی سفیر رچرڈ اولسن نے امریکہ سے واپس آنے والے ان افراد کو پاکستان میں سماجی خدمت کے مختلف منصوبے شروع کرنے پر سراہا۔ رچرڈ اولسن کا کہنا تھا کہ 'عدم تشدد کے حوالے سے سیمینار و مذاکرے، جنگ کے خاتمے اور خواتین کی آزادی کیلیے ورکشاپس اور طلبا کو مستقبل کی بہتر منصوبہ بندی کیلیے رہنمائی فراہم کرنے کیلیے منصوبے، یہ وہ تمام اقدامات ہیں جو پاکستان میں سماجی تبدیلی کا ذریعہ بنیں گے۔ ان منصوبوں کے ذریعے یہ نوجوان پاکستانی عوام کی زندگی میں خوشگوار تبدیلی لا رہے ہیں۔' کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔

2008 میں قائم کیا جانے والا 'پاکستان یوایس المنائی نیٹ ورک' ملک بھر میں آٹھ ریجنز اور گیارہ چیپٹرز پر مشتمل ہے اور اس کے ممبران کی تعداد 13000 ہے۔

###